کے۔ امرناتھ پروڈکشن کا شاہکار

نیا انداز

کشور کمار ۔ الیاس

اداکاران گیتا

مینا کماری، پران، جونی واکر

وغیرہ وغیرہ

قیمت ۱/

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(کمال پرنٹنگ پریس دہلی)

نیا انداز کے گانے

گانا نمبر ۱

بچکے بلم کہاں جاؤ گے۔ ہمیں تم پیچھے پیچھے پاؤ گے
آج تو سیاں مورا زمانہ۔ جائے نہ خالی میرا نشانہ
ماروں گی تیر جبھی نجریا۔ چھوڑوں نہ توہے میں سنوریا
بچکے بلم ......
بیت کا گہرا نین میں ڈورے۔ من میں جوانی کھائے جھکولے
بھیڑ ہے تیر پہ جیون بار۔ چھوڑوں نہ ...... بچکے بلم ......
جاؤ گے کیسے مُنہ موڑ کے سیاں۔ تم سے لڑوں گی آج میں سیاں
دیکھے گی ساری نگریا۔ چھوڑوں نہ ...... بچکے بلم ......

گانا نمبر ۲: محفل میں آج تیری دیوانے آ گئے ہیں
لیکر دل و جگر کے نذرانے آ گئے ہیں
مارا ہے تیر تو نے دل کے قریب آ کر
گھائل بنا دیا ہے ہمکو نظر ملا کر
ہم بھی بھلے تڑپ کر تڑپانے آ گئے ہیں۔ محفل میں ....
تیرے لئے محبت کب سے بھڑک رہی ہے
جو آگ اپنے دل میں ظالم بھڑک رہی ہے
وہ آگ تیرے دل میں بھڑکانے آ گئے ہیں۔ محفل میں ....
سو بار رہ گئے ہم کچھ تجھ سے کہتے کہتے
دم گھٹ چلا ہے اپنا خاموش رہتے رہتے

ہونٹوں پہ آج دِل کے افسانے آ گئے ہیں ۔ محفل میں ...
آنکھیں چرا لیوا اے تجھکو پتہ نہیں ہیں
بِن پیار زندگی میں کوئی مزہ نہیں ہے
اتنی سی بات تجھکو سمجھانے آ گئے ہیں ۔ محفل میں ...
گانا نمبر ۹ :۔ آج سُہانی رات رے اہا اہا ۔ شعر نگار رشید شاد کورس
دل ہو گی سجن سے بات رے اہا اہا
لالی :۔ تو آجا رے کہ دل ہے بے قرار
کہ دُوں لے من میں تیرا پیار ۔ تو آجا رے ...
چاندا :۔ ہم تو ہیں سانورا انجانے ۔ دِل کھٹکے پکارے ہائے تیرا
لالی :۔ میں تجھکو بلاؤں آجا رے ۔ دل نہ رہے ہائے گھبرائے میرا
کورس :۔ رُک جانا اجی رُک جانا ذرا رُک جانا سجنا
لالی :۔ ہوئے تو آجا رے
کریم :۔ پھرتے ہیں بھٹکے راہوں میں تو درد ہمارا کیا جانے
لالی :۔ نظروں سے نیرا من بھر دونگی آ پاس تو آ او دیوانے
کورس :۔ رُک جانا اجی ...
لالی :۔ ہوئے تو آجا رے ...
گانا نمبر ۱۰ ۔ شعر نگار
دنیا تو زمانے میں اتنا ہی فسانہ ہے
کچھ ہم بھی دیوانے ہیں ۔ کچھ دِل بھی دیوانہ ہے
ہم سے تو کوئی پوچھے وہ مست نظر کیا ہے
جینے کا سہارا ہے مرنے کا بہانہ ہے

بھولے سے کبھی ہم نے قاتل نہ کہا اُنکو
دِل جن کی اداؤں کا خاموش نشانہ ہے
یہ راز ہے اُلفت کا دُنیا اسے کیا جانے
نظروں کا چرانا ہی نظروں کا مِلانا ہے
ان شوخ حسینوں پر ہم اور کٹا میں کیا
کچھ پاس نہیں اپنے ایک دِل کا خزانہ ہے
منزل ہے کہاں اپنے دِل ہم عشق کے ماروں کی
ہم جا کے جہاں بیٹھیں وہ اپنا ٹھکانا ہے

گانا نمبر ۵ ــــ دُنیا کے بازار میں بھیّا چلتا کھوٹا مال
بڑے بڑے گن والے دیکھے پھریں یہاں کنگال
بھیّا پھریں یہاں کنگال ــ آپ سے ملئے ــ
اُلٹے سیدھے کھیل دکھا کر لوٹیں یہ دن رات
آپ کمال کے سیٹھ سیوک آپکی ہے کیا بات
بھیّا آپکی ہے کیا بات
دیکھو کوّا بھیس بدل کے ہنس کی چلتا چال
بڑے بڑے گن...
کیسے کیسے چور اُچکے بیٹھے بن کے سیٹھ
رات دِنا ہم محنت کرتے پھر بھی خالی پیٹ
بھیّا پھر بھی خالی پیٹ
وہ ہی تیرا حال ہے بھیّا وہ ہی میرا حال ــ بڑے بڑے..
آپ سے ملئے ....

دِل پہ اداییں پیار کا پھندا آنکھ میں اداییں ڈھول
عاشق کو وہ ناچ نچائیں جائیں سب کچھ بھول۔ بجّا جائیں۔۔
پاس ہو جس کے مال خزانہ گلتی اسکی دال۔ بڑے بڑے۔۔

گانا نمبر ۵

چاند۔ میری نیندوں میں تم، میرے خوابوں میں تم۔ ہو چکے ہم تمہاری محبت میں گم
مالا۔ من کی بنیا کی دھن۔ تو بلم آج سُن۔ میری نظروں نے تجھ کو لیا آج چُن
دِل پہ چھائی خوشی ہے۔ لبوں پہ ہنسی ہے۔ کھلی ہے تیرے پیار کی چاندنی
چاند۔ جھومتی ہیں نگاہیں نشہ چھا رہا ہے۔ کہ دل گا رہا ہے تیری راگنی
مالا۔ ہو لے ہولے سجن، میرا کہتا ہے من۔ اب تو لاگی لگن
چاند۔ میری نیندوں میں تم ۔۔۔۔۔۔
مالا۔ تم میرے ہو گئے ہو تو یہ چاند تارے۔ یہ سارے نظارے میرے ہو گئے
چاند۔ دل ہوا ہے دیوانہ سماں ہے سہانا۔ کہیں کیا تیرے پیار میں کھو گئے
مالا۔ رات گانے لگی۔ گنگنانے لگی۔ نیند چھانے لگی
چاند۔ میری نیندوں میں تم ۔۔۔۔
مالا۔ میرے دل کی لگی تو میری زندگی تو۔ میری ہر نظر ہے تیری داستاں
چاند۔ میرے دل کی بہاریں تمہیں کو پکاریں تمہیں سے ہے آباد میرا جہاں
مالا۔ گیت میرا نہ ہے میرا افسانہ ہے۔ دِل کی آواز ہے
چاند۔ میری نیندوں میں تم ۔۔۔

گانا نمبر ۶

یہ رات عاشقانہ چھایا سماں سہانا۔ نظریں ملانے والے دل بھی ذرا ملانا
زلفیں حسین گھٹا ہیں آنکھیں شراب خانہ

تجھ سے نظر ملی کیا دل ہو گیا دیوانہ
تیرے لیے ہیں آ جا پلکوں کے یہ اشارے
ہونٹوں کی مست کلیاں آنکھوں کے شوخ تارے
چھایا ہوا نشہ ہے اپنی کسے خبر ہے
کیا جانے ہیں کہاں ہوں اپنی کسے خبر ہے
کیا جانے ہم کہاں ہوں کیا جانے دل کدھر ہے
کچھ کہہ رہا ہے تجھ سے یہ دلربا زمانہ — نظر ملانے ...
بہکے ہوئے قدم ہیں بہکی ہوئی فضا ہے
دل کا ہر ایک ارماں تجھکو پکارتا ہے
دل میں تجھے بٹھائیں آنکھوں میں آ چھپائیں
یہ بھوں کے اشارے ہمکو نہ مار ڈالیں
کچھ میں قریب آؤں کچھ تو قریب آنا — نظریں ملانے ...
گانا نمبر ۸ :- رات رنگیلی گائے رے موسے رہا نہ جائے رے
میں کا کروں کا سے کہوں سا جنا
میرے انکھین ڈولے پیار دیکھ میرے سا جنا
میرے دل کو آئے چین ہا پیا آ جانا
میں کا کروں کا سے کہوں ...... رات رنگیلی ....
میرا دل کیوں دھڑکے بار بار مجھے کیا پتہ
میرے دل کی جلے کون بات تو ہی بتا
میں کا کروں کا سے کہوں .... رات رنگیلی ....
گانا نمبر ۹ :- ہوا چھلے پیر جب دور شہنائی بجاتی ہے

مجھے اکبار پھر اپنی محبت یاد آتی ہے ۔ مجھے اک بار.....
چمکتا ایک تارا چاند کے پہلو میں چلتا ہے
میرا سویا ہوا دل ایک کروٹ سی بدلتا ہے ۔ مجھے اکبار..
ملا کر منہ سے منہ ساحل سے جب موجیں گزرتی ہیں
میرے سینے میں مدت کی دبی چوٹیں ابھرتی ہیں ۔ مجھے اکبار....
دیکھو کتنے دل میں پھر سے پیار کے ارمان اٹھتے ہیں
چلے آؤ کہ دل میں سینکڑوں طوفان اٹھتے ہیں
ارے طوفان اٹھتے ہیں
گانا نمبر ۵ مالا۔ تمہیں سے پیار تمہیں سے قرار ملتا ہے
یہ بات سچ ہے کہ دل ایک بار ملتا ہے
تمہیں ہو ناز میرا ۔ تمہیں پہ ناز میرا
ارے میں تم پہ فدا نظر ملاؤ ذرا
تمہاری آنکھ سے دل کو خمار ملتا ہے ۔ یہ بات سچ ہے...
وہ غم کی رات گئی بسنتم کی بات گئی
ملے جو تم تو ملی ہے وہ میرے دل کو خوشی
کہ جیسے کوئی گلے بار بار ملتا ہے ۔ یہ بات سچ ہے...
چاند۔ دنیا کا اپنی صلہ ہمیں تو آج ملا
ہے اب مزہ ہی مزہ رہا نہ کوئی گلہ
مالا اور چاند۔ ہے خوش نصیب جسے دل کا پیار ملتا ہے
یہ بات سچ ہے....

(ختم شد)